9th
Session 35
No. 27/10/2025
Date Establishment
Department

# تحریک استحقاق

جناب سپیکر!

میں، بحثیت رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا، اپنے استحقاق کی خلاف ورزی کے حوالے سے یہ تحریک استحقاق پیش کر رہا ہوں۔وہ یہ کہ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان کی جانب سے مسلسل یہ رویہ اختیار کیا جا رہا ہے کہ جب بھی میں اپنے حلقہ انتخاب کے عوامی مسائل، ترقیاتی امور یا انتظامی معاملات کے حوالے سے ملاقات کی درخواست کرتا ہوں تو وہ مختلف بہانوں سے ملاقات سے گریز کرتے ہیں یا بات کو نظر انداز کر دیتے ہیں، اس دوران مورخہ 23 اکتوبر 2025 کو اور اس سے ایک ہفتہ پہلے بھی اسی طرح میں بذات خود ڈی سی آفس گیا اور ملاقات کی کوشش کی لیکن دونوں دفعہ بذریعہ پی اے مصروفیات کا بہانہ بنا کر ملنے سے انکار کیا گیا جبکہ بعد میں پتہ چلا کہ ڈی سی صاحب افس میں موجود تھے اور کوئی Official Meeting میں مصروف نہیں تھے۔ اور جب میں ان کے پاس گیا تو میرے ساتھ انتہائی سخت زبان کا استعمال کیا گیا۔یہ طرزِ عمل نہ صرف ایک منتخب عوامی نمائندے کے وقار کے منافی ہے بلکہ صوبائی اسمبلی کے رکن کے استحقاق کی بھی کھلی خلاف ورزی ہے۔

لہذا، استدعا ہے کہ اس معاملے کا نوٹس لیا جائے اور متعلقہ افسر کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے اس تحریک کو استحقاق کمیٹی میں بھیج دیا جائے تاکہ مستقبل میں کسی بھی عوامی نمائندے کے استحقاق کو مجروح نہ کیا جا سکے۔

27/10/25

احسان اللہ میانخیل
رکن صوبائی اسمبلی،
پاکستان پیپلز پارٹی

PRIVILEGE MOTION
Session No. 9th
Notice No 35
Received Time 2:30
Received Date 27-10-2025
From Mr/Ms Ihsan Ullah Miankhel MPA
Receiver Sign